منت کے روزوں اور نفلی روزوں میں سے زیادہ کس میں ثواب ہے؟

مجیب: مولانا محمد شفیق عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-3251

تاریخ اجراء: 02 جمادی الاولیٰ 1446ھ / 05 نومبر 2024ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

کوئی منت کے روزے رکھے اور کوئی نفلی روزے رکھے، کس کو زیادہ ثواب ملتا ہے؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَ الصَّوَابِ

اگر دو بندوں میں سے ایک بندہ منت کا روزہ رکھے اور دوسرا نفلی روزہ رکھے تو منت کے روزے رکھنے والے کو، نفلی روزوں والے کی بنسبت زیادہ ثواب ملے گا کہ شرائط پائے جانے کی صورت میں منت کو پورا کرنا واجب ہوتا ہے، اور واجب نفل سے افضل ہے، اور واجب کا ثواب نفل کے ثواب سے زیادہ ہے، سوائے چند مسائل کے، اور ان مسائل میں سوال میں مذکور صورت کو بیان نہیں کیا گیا ہے۔

منت پوری کرنے کا حکم دیتے ہوئے اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ﴿وَ لْيُوْفُوْا نُذُوْرَهُمْ﴾ ترجمۂ کنز الایمان: اور اپنی منتیں پوری کریں۔ (پارہ 17، سورۃ الحج، آیت 29)

منت اللہ پاک سے وعدہ ہے، اور اسے پورا نہ کرنا گناہ ہے، جیسا کہ مبسوط سرخسی میں ہے: "الناذر معاهد الله تعالیٰ بنذرہٖ فعلیه الوفاء بذٰلک و قد ذمّ اللہ تعالیٰ قوما ترکوا الوفاء بالنذر" ترجمہ: منت ماننے والا اپنی منت کے ذریعے اللہ پاک سے وعدہ کرتا ہے، لہٰذا اس پر اسے (یعنی منت کو) پورا کرنا واجب ہے اور اللہ پاک نے منت پوری نہ کرنے والی قوم کی مذمت فرمائی ہے۔ (المبسوط للسرخسی، کتاب نوادر الصوم، ج 3، ص 128، دار المعرفۃ، بیروت)

الاشباہ والنظائر میں ہے "الفرض أفضل من النفل إلا فی مسائل: الأولی: إبراء المعسر مندوب أفضل من إنظاره الواجب، الثانية: الابتداء بالسلام سنة أفضل من رده الواجب، الثالثة: الوضوء قبل الوقت مندوب، أفضل من الوضوء بعد الوقت وهو الفرض" ترجمہ: فرض نفل سے افضل ہیں سوائے چند مسئلوں میں: (1) تنگ دست (مقروض) کو معاف کر دینا ایسا مستحب کام ہے جو اس کو مہلت دینے سے

افضل ہے، جبکہ اس کو مہلت دیناواجب ہے۔(2)سلام میں پہل کرنا سنت ہے جو کہ سلام کا جواب دینے سے افضل ہے اور سلام کا جواب دیناواجب ہے۔(3)نماز کا وقت شروع ہونے سے پہلے وضو کرلینا ایسا مستحب ہے جو کہ وقت شروع ہونے کے بعد فرض وضو سے افضل ہے۔(الاشباہ والنظائر، ص132،131، دار الکتب العلمیۃ، بیروت)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net

daruliftaahlesunnat

DaruliftaAhlesunnat

Dar-ul-ifta AhleSunnat

feedback@daruliftaahlesunnat.net